سوال

بچے کانام

جواب

محمد حم نام رکھنے کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ سوال : میں نے اپنے بیٹے کانام محمد حم رکھا ہے ، (حم ۔ تَنزِيلٌ مِّنَ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ) جوکہ پیارے نبی کے ناموں میں سے ایک نام ہے پھر بھی کچھ لوگ کہتے ہیں کہ یہ نام ٹھیک نہیں اگرایسا ہے توقرآن وسنت کی روشنی میں رہنمائی فرمائیں ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ یہ نام رکھنے میں بظاہر کوئی ممانعت نہیں ہے ، لیکن رسول اللہ کے دوناموں کوملاکرایک نام رکھنے کی حکمت سمجھ میں نہیں آتی ۔ محمد بھی آپ کانام ہے اور حم بھی آپ کانام ہے ، آپ ان دونوں میں سے کسی ایک کومنتخب کرلیں ، یاصرف محمد رکھ لیں ، یاصرف حم رکھ لیں ۔ ھذاما عندی واللہ علم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث